www.KitaboSunnat.com

ترتیب: حافظ محمد عبداللہ ☆

تبصرہ جات بر ماہنامہ رشد 'قراءات نمبر'

[حصہ اوّل]

مخدوم ومحترم مولانا حافظ عبدالرحمٰن مدنی ﷾ زادکم اللہ عزا وشرفا

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ مزاج گرامی بخیر!

آپ کا مؤقر ماہنامہ 'رشد' باقاعدگی سے مل رہا ہے جب کہ یہ آپ کی شفقت ومحبت ہے کہ 'رشد' کی طرح 'محدث' بھی تسلسل سے اِرسال فرماتے ہیں اور پھر ان کے وقیع اور علمی مضامین سے استفادہ کی تقریب پیدا ہوجاتی ہے۔ جزاکم اللہ أحسن الجزاء

'رشد' کا حالیہ جون ۲۰۰۹ء کا قراءات نمبر (حصہ اوّل) موصول ہوا، جو ماشاء اللہ ۷۲۰ صفحات پر مشتمل ہے اور متنوع موضوعات کو اپنے اندر سموئے ہوئے ہے۔ قراءاتِ سبعہ وعشرہ کے بارے میں شبہات وتوہمات کے ازالے کا وافر مواد اس میں موجود ہے اس کے علاوہ قرآن پاک کی طباعت واِشاعت، مصحف مدینہ، برصغیر میں قراءات کے تدریجی ارتقاء، قراءات عشرہ کی اسانید، قراء کرام کا تعارف جیسے دلچسپ اور علمی عناوین پر سیر حاصل بحث ہے۔

اس وقیع اور مفید 'قراءات نمبر' پر بلاشبہ آپ اور کلیۃ القرآن الکریم لاہور کے تمام رفقاء مبارک باد کے مستحق ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کی اس سعی کو سعی مشکور بنائے اور خدام قرآن کی فہرست میں شامل کرلے۔

این دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد

یہ بات بڑی عجیب سی بات ہے کہ قراءاتِ سبعہ وعشرہ کو منکرین قراءات 'فتنہ عجم' قرار دیتے ہیں بلکہ ان قراءتوں پر مشتمل مطبوعہ قرآن مجید کو قرآن مجید ہی تسلیم کرنے کے لیے تیار نہیں۔ جب کہ عالم اسلام میں یہ قراءات متعارف اور معمول بہا ہیں۔ لیبیا، تیونس، سوڈان، مراکش، ابوالجزائر، صومالیہ، مواتیانیہ، نائیجیریا اور افریقہ میں قراءات امام ورش رائج ہے۔ ان کے ہاں اسی قراءات پر قرآن پاک شائع ہوتا ہے۔ حرمین شریفین کی زیارت سے مشرف ہونے والے حضرات ان ممالک سے آنے والے حجاج کرام کو اسی قراءات پر مطبوعہ قرآن پاک کو پڑھتے ہوئے دیکھتے ہیں اور دیکھ سکتے ہیں۔ ان کے ہاں یہ قراءات اسی طرح قرنا بعد قرن رائج ہے جیسے ہمارے ہاں قراءات حفص رائج ہے۔ بلکہ سعودیہ عربیہ ''اللہ تعالیٰ اسے شاد باد رکھے'' میں مجمّع الملك فهد کی جانب سے قراءت ورش، قراءت دوری، قراءت قالون کے مطابق قرآن پاک زیورطبع سے آراستہ ہوچکا ہے اور باقی قراءت کے مطابق بھی قرآن پاک کی طباعت کا اہتمام ہورہا ہے اب اگر ان قراءتوں کے مطابق قرآن، قرآن ہی نہیں تو اس کا منطقی نتیجہ ہے کہ تقریبا نصف کے قریب مسلمان قرآن مجید کی سعادت سے ہی محروم ہیں۔

☆ فاضل کلیۃ الشریعۃ، جامعہ لاہور الاسلامیہ ورکن مجلس التحقیق الاسلامی، لاہور

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غور فرمائیے ان متجددین کو اکثر شکوہ ہوتا ہے کہ علمائے کرام باہم ایک دوسرے پر فتوی بازی کا شغل کرتے ہیں، ایک دوسرے کو گمراہ کہتے اور امت میں تفریق پیدا کرتے ہیں جبکہ اسی مسئلہ قراءت میں تمام علمائے اُمت متفق ہیں مگر یہ متجددین ان کے برعکس دانستہ یا نادانستہ طور پر کروڑں مسلمانوں کو قرآن سے محروم قرار دے کر انہیں گمراہ اور گم گشتہ راہ قرار دینے پر ادھار کھائے بیٹھے ہیں۔

آپ کا یہ قراءات نمبر بلاشبہ ان فتنہ پردازوں کی دسیہ کاریوں کو تشت ازبام کرنے میں سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے﴿ لِيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْ بَيِّنَةٍ وَيَحْيَى مَنْ حَيَّ عَنْ بَيِّنَةٍ﴾ اللہ تعالیٰ آپ کی تمام مساعی حسنہ کو قبول فرمائے۔قراءات نمبر کے حصہ ثانی کا انتظار شدت سے رہے گا اللہ سبحانہ وتعالیٰ اس کی جلد تکمیل واشاعت کی توفیق عطاء فرمائے اور اس راہ کی مشکلات کو 'اپنی کرم نوازیوں سے' دور فرمائے۔آمین

إرشاد الحق اثری

مدیر اِدارہ علوم اثریہ،فیصل آباد

——————*

الحمد لله الذی أنزل الفرقان علی عبده ليكون للعالمين نذيرا والصلاة والسلام علی خاتم النبيين القائل «خيركم من تعلم القرآن وعلمه» وعلی آله صحبه ومن تبعهم بإحسان واقتفیٰ أثرهم إلی يوم الدين أما بعد

مجھے اس مجلّہ 'رشد' کے مطالعہ کرنے کا موقع ملا۔الحمد للہ میں نے اسے قراءات قرآن کے خاص علمی مسائل سے مزین پایا ہے۔یہ مسائل اور موضوعات اس فن میں بہت اچھے اور نفع بخش ہیں اور ہر علم دین کے متلاشی کو اس کی ضرورت ہے۔مقالے کو لکھنے والے اپنے فن میں ماہر ہیں اور میں اس کی گواہی دیتا ہوں کہ وہ اس ملک اور بیرونی دنیا میں اہل علم وفضل اور محقق ہیں۔میں اس مجلّہ کے پڑھنے والوں سے گذارش کرتا ہوں کہ وہ اس کا اہتمام کرنے والوں کے ساتھ بھرپور تعاون فرمائیں۔سب مل کر اس علم نفیس کو آگے پھیلائیں بلکہ سب دینی مدارس کا یہ فرض بنتا ہے کہ وہ اس کو تدریساً اور تحقیقاً مزید آگے پھیلائیں۔کیونکہ یہ علم قرآن سے متعلق ہے اور جو لوگ قرآن کی خدمت کرنے میں اپنی زندگیاں صرف کرتے ہیں وہ اللہ تعالی کے نزدیک افضل وبہتر ہیں۔آخر میں اللہ تعالی سے دعا کرتا ہوں کہ وہ اس مجلّہ کا اہتمام کرنے والوں کو جزائے خیر عطا فرمائے۔اور ان کی علمی کاوشوں میں برکت دے۔آمین

پروفیسر ڈاکٹر محمد الیاس بن محمد انور

اسسٹنٹ پروفیسر قرآن ڈیپارٹمنٹ کنگ خالد یونیورسٹی ابہا،سعودی عرب

——————*

يفرح المرء متی وجد بغيته، ويشتد الفرح بهجة إذا جاء ت بغيته من غير مظانها، أو جاء ت بعد انتظار طويل

وهذا ما لمسته فی مجلة (رشد) فی عددها الخاص بالقراء ات، الذی أصدرته كلية القرآن والعلوم الإسلامية بجامعة لاهور الإسلامية بباكستان

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ